لمحہ فکر

سرمایہ داروں اور سیاست دانوں (حکمرانوں) نے عوام پر ظلم وزیادتی کرنے کے لئے ہر زمانہ میں مذہبی پیشوائیت کو فروغ دی اور اُن پیشواؤں کے ذریعہ اپنی خواہش نفس کے اُصولوں اور اپنے بُرے اعمال کو عوام کی نظر میں مزین بنانے کے دلائل حاصل کئے۔

اور اس دوران جو اہل علم اور اہل فکر حضرات ہوتے اُنکو ایک فرد بنا کر اُنکی سوچ اور آواز کو لوگوں تک نہ پہونچانے کے لئے اُن پر یہ پابندی عائد کروائی کے وہ جو کچھ سونچے پہلے اُسکی سند اُن درباری پیشواؤں سے حاصل کریں' اور اگر یہ اہل حق حضرات اُن درباری پیشواؤں سے اُنکی دنیاداری کے سبب دوری اختیار کرتے تو اُن کو غیر مقلد اور بے دین ہونے کا فتویٰ عائد کرتے اور انہی درباری پیشواؤں کے ذریعہ اُنکے مرتد ہونے کا فتویٰ نکلواتے تاکہ ان اہل حق لوگوں کی آواز کو دبایا جائے۔

اس بدترین سازش کو فروغ سب سے پہلے وہ موقع پرست اور چاپلوس منافق لوگ دیتے ہیں جنہیں فوری طور پر دنیاوی فائدہ نظر آتا ہے۔اور وہ ان تینوں (یعنی سیاستدان' سرمایہ دار' پیشواؤں) کا قرب حاصل کرنے کوئی ایسا موقع نہیں چھوڑتے جہاں پر انہیں اہل علم' اہل فکر' حق کو' افراد کے تعلق سے جھوٹی افواہیں اُٹھائیں' اُن پر الزامات لگائیں تاکہ عوام انکی فکر کو نظرانداز کردے۔

پھر آتے ہیں وہ لوگ جو اس سازش کو اپنی خاموشی سے تقویت بخشتے ہیں' یہ وہ لوگ ہیں جو جانتے ہیں کے سب کچھ غلط ہو رہا ہے لیکن خوف' بزدلی اور جو حال اہل علم کا ہو رہا ہے کہیں ان کا نہ ہو یہ سونچ کر خاموشی کو اپنی زندگی کا معمول بنالیتے ہیں۔

اور اس کام کو یعنی عوام پر تین طبقوں (سرمایہ داروں' سیاستدانوں اور پیشواؤں) کو حاکم کی صورت میں مسلط کرنے کے لئے بیروزگار' بدماش' آوارہ لوگوں کو دین کی جو ظاہری صورت ہوتی ہے جیسے جلسے' جلوس' قومی تقاریب جس میں عوام کو ایک وقت کا کھانا کھلا کر انہیں پھر ان تینوں کی غلامی کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔

خدارا اب بھی وقت ہے کے اس باطل نظام جو ہزاروں سالوں سے چلا آرہا ہے اُسکو سمجھیں اور اسکی سازش کا شکار ہونے سے اپنے آپ کو بچائیں۔

یہ قومِ مہدویہ کے لئے ''لمحہ فکر'' ہے۔ اگر آج نہیں جاگوگے تو پھر اللہ موقع دے یا نہ دے پتہ نہیں۔

خدا حافظ

سید منور


Subscribe for the
INDUSTRIAL WORKER
Foremost Exponent of Revolutionary
Industrial Unionism
Published in the English Language
One Dollar per Year
Three Months 25c
P. O. Box 2129 Spokane, Washington
CAPITALISM
WE RULE YOU
WE FOOL YOU
WE SHOOT AT YOU
WE EAT FOR YOU
WE WORK FOR ALL
WE FEED A
PYRAMID OF CAPITALIST SYSTEM
ISSUED BY NEDELJKOVICH, BRASHICH AND KUHARICH.
Copyrighted 1911 by The International Pub. Co., 747 W. 25th St., Cleveland, O. U. S.